(۴)

مسنون دعائیں — مولانا محمد عاشق صاحب ۔ بلند شہری

صفحات مع خوبصورت ٹائیٹل — ۱۹۰

قیمت — ۱/۷۵ روپے

ناشر و پتہ — مکتبہ شان اسلام ۔ راحت مارکیٹ ۔ اردو بازار لاہور

یہ کتاب پہلی سے بھی زیادہ جامع ہے، مزید یہ کہ اس میں کتاب کے حوالے کا التزام بھی کیا گیا ہے کہ یہ دعا حدیث کی کون سی کتاب میں ہے۔

بات اپنی اور زبان پیارے رسول کی، سوچیے! پھر کمی کیا رہ جائے گی؟ ہر دعا کے ساتھ اس کا ترجمہ بھی دیا گیا ہے۔ جو خاصا دل نشین اور عام فہم ہے، کس وقت کونسی دعا پڑھی جائے اور کون سے حالات میں کیا دعا ہونی چاہیے؟ اس میں اس کی ساری تفصیل آگئی ہے۔

ہمارے نزدیک ایسی کتابوں کو رواج دینا چاہیے تاکہ اہل بدعت نے "پیارے رسول کی پاک زبان" کے بالمقابل ادھر ادھر کی زبانوں کو رواج دے ڈالا ہے، ان کا مداوا ہو جائے! خدا کی شان ہے کہ: ان مدعیوں کو پیارے رسول کی پیاری زبان میں دعا مانگنا بھی دوبھر ہو گیا ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

(۵)

مسئلہ آئین و حکومت — محترم جناب ریاض الحسن نوری، ایم۔ اے

صفحات — ۶۸

قیمت — ۲/- روپے

پتہ — مکتبہ علمیہ ۔ ۱۵ لیک روڈ ۔ لاہور

فاضل مؤلف ان خوش نصیب افاضل میں سے ہیں جنھوں نے زمیندار خاندان اور جدید تعلیم گاہوں میں آنکھیں کھولیں اور قلب و نگاہ کو مسلمان رکھا۔ پنجاب یونیورسٹی کے فاضل ہونے کے ساتھ موصوف علوم عربیہ، بالخصوص کتاب و سنت سے گہری دلچسپی رکھتے ہیں۔ ان کی ذاتی لائبریری میں علوم دینیہ اور تاریخ و سیر پر مشتمل عربی کتابوں کا ایک گراں قدر سرمایہ ہے، جس میں موصوف شب و روز گم رہتے ہیں، کتاب الخروج یحیی بن آدم پر حال ہی میں ایک تعلیقات لکھ کر اہل علم طبقہ سے خراج تحسین حاصل کر چکے ہیں۔ ان کے علمی مضامین ملک کے علمی اور ادبی جرائد (مثلاً ترجمان القرآن) میں بڑی آب و تاب کے ساتھ شائع ہوتے رہتے ہیں۔